© rasailojaraid.com



(مقالات الاسلامیین واختلاف المصلین، صفحہ 290، طبع بیروت)

امام ابن حزم ظاہری رحمۃ اللہ علیہ (متوفی 456ھ) رقمطراز ہیں:

''فاذا جاء خبر الراوي الثقة عن مثله مُسنداً الی رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم فھو مقطوع بہ علی أنہ حق عند اللہ عزوجل موجب صحۃ الحکم بہ اذا کان جمیع رواتہ متفقاً علی عدالتھم أن ممن تثبت عدالتھم ......'' جب کسی حدیث کی سند نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک ثقہ راویوں پر مشتمل ہوتو وہ قطعی طور پر اللہ کے نزدیک حق ہے اور اس پر عمل کرنا واجب ہے جب اس کے تمام راویوں کی عدالت پر اتفاق ہو اور ان سب کی عدالت ثابت ہو۔

(النبذ فی اصول الفقہ، صفحہ 56، دار ابن حزم ، بیروت)

اور ایک اور جگہ لکھتے ہیں:

''ثبت یقیناً ان الخبرَ الواحدِ العدل عن من مثلہ مبلغاً الی رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حقٌ مقطوعٌ بہ موجبٌ للعملِ والعِلمِ معاً'' یہ بات یقینی طور پر ثابت شدہ ہے کہ ایک عادل راوی کی روایت اپنے جیسے عادل سے جو اسی طرح (عادل راویوں کے واسطے سے) اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچے وہ قطعی طور پر حق ہے اور علم وعمل دونوں کو واجب کرتی ہے۔(الِاحکام فی اُصول الاَحکام، جلد 1، صفحہ 124 ، دار الآفاق الجدیدۃ بیروت)

(جاری ہے)


## رمضان المبارک میں مجلس احرار اسلام کے شعبۂ تعلیم کے زیر اہتمام چلنے والے مدارس کے ساتھ تعاون کیجیے

ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے تحریکی مشن کے تحت مختلف شہروں میں مجلس کے مراکز و مدارس قائم کیے۔ جن کی تعداد اب 17 سے زائد ہو چکی ہے۔ مدرسہ معمورہ (رجسٹرڈ) ملتان اور اس کے ماتحت تین شاخیں، جامعہ بستان عائشہ للبنات ملتان، مدرسہ ختم نبوت، مسجد احرار، چناب نگر اور اس کے ماتحت دو شاخیں۔ دار العلوم ختم نبوت (رجسٹرڈ) جامعہ مسجد چیچہ وطنی اور اس کے ماتحت دو شاخیں، مدرسہ معمورہ لاہور، مدرسہ ابوبکر صدیق تلہ گنگ، مدرسہ محمودیہ معمورہ، ناگڑیاں گجرات اور اس کے ماتحت دو شاخیں، مدرسہ ختم نبوت گجرات شہر اور مدرسہ و مدنی مسجد چنیوٹ دینی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ان مدارس کا سالانہ خرچ تقریباً دو کروڑ روپے ہے۔ اس کے علاوہ مسجد احرار چناب نگر کی تعمیر جدید، مسلم ہسپتال چناب نگر، مسجد و مدرسہ رحمان سٹی چیچہ وطنی، جامع مسجد ناگڑیاں، گجرات کی تعمیرات کا کام جاری ہے۔ مدرسہ معمورہ ملتان کی تعمیر جدید ان شاء اللہ عید الفطر کے بعد شروع کی جا رہی ہے۔ اہلِ خیر اپنے عطیات، صدقاتِ جاریہ، زکوٰۃ و عشر اور فطرانہ اِن مدارس کو عنایت فرما کر ثوابِ دارین حاصل کریں۔ احباب مقامی طور پر یہ رقوم ان مدارس میں بھی جمع کرا سکتے ہیں۔ معاونین مد کی وضاحت کے ساتھ رسید ضرور حاصل کریں۔

ترسیل زر بنام: سید محمد کفیل بخاری، کرنٹ اکاؤنٹ نمبر 0278-37102053 یو بی ایل ایم ڈی اے چوک ملتان

مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم، مہربان کالونی ملتان 0092300-6326621,009261-4511961




© rasailojaraid.com